
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : سائرہ کریم عزرا خانم ، عدیلہ ہارون ، نسیم فاطمہ

دوسری جماعت کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ:

یہ ٹیچرز گائڈ دوسری جماعت کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے لیکن بچوں کے تعلیمی معیار کے مطابق دوسری جماعتوں میں بھی پڑھائی جاسکتی ہے۔

اس گائیڈ میں کتاب کو پڑھانے کے طریقے کو جس طرح مختلف سیشن (کلاس پیریڈ) میں تقسیم کیا گیا ہے وہ محض ایک تجویز ہے۔ کتاب پڑھاتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیشِ نظر اس کی ترتیب اور مواد میں رد و بدل کیا جائے۔

# سیشن ۱

سب سے پہلے ٹیچر بچوں سے سائیکل کے بارے میں گفتگو کریں۔ مثلاً کیا آپ کے پاس سائیکل ہے؟ اگر کسی بچے کے پاس سائیکل نہیں ہے تو اُس کے دوست کے پاس تو سائیکل ہوگی۔ اسکے بعد بچوں سے سائیکل کے پہیوں کے بارے میں بات کریں کہ آپ کے پاس تین پہیوں والی سائیکل ہے یا دو پہیوں والی۔ بچے مختلف جوابات دیں گے۔ اسکے بعد بچوں سے معلوم کریں کہ اُن کے خیال میں دو پہیوں والی سائیکل اور تین پہیوں والی سائیکل میں کیا فرق ہے؟ (ہوسکتا ہے کہ اس سوال کا جواب بچے اسطرح دیں کہ تین پہیوں والی سائیکل بچے چلاتے ہیں اور دو پہیوں والی سائیکل بڑے)۔ اسکے بعد بچوں سے سائیکل کے حوالے سے ان کے مختلف تجربات معلوم کریں کہ انہیں سائیکل چلانے کے دوران کیا کیا مشکلات پیش آئیں۔

اس کے بعد کہانی "میری سائیکل" بچوں کو پڑھکر سُنائیں۔

# سیشن ۲

آج بچوں کو سادہ کاغذ دیں اور ان سے کہیں کہ وہ سائیکل کی تصویر بنائیں۔ پھر بچوں سے سائیکل کے مختلف حصّوں کے نام معلوم کریں۔ بچے جو نام بتائیں ٹیچر انہیں بلیک بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ تصویر پر ان حصّوں کی نشاندہی کریں اور نام لکھیں۔

## گھر کا کام:

بچوں کو چند الفاظ دیں کہ ان کو پڑھ کر آئیں کل کلاس میں حروف کو توڑنا اور جوڑنا کروایا جائے گا مثلاً تین۔ میری۔ سالگرہ۔ امی۔ ابو۔ بڑی۔ آسانی۔ چلاتا۔

# سیشن ۳

بچوں کو سبق پڑھانے سے پہلے الفاظ کی جوڑ توڑ کروائی جائے تا کہ وہ ان الفاظ سے مانوس ہو جائیں۔

کل جو الفاظ دیے گئے تھے ان کو توڑنے کے لیے ٹیچر دو بچوں کو بلائیں۔ ایک بچہ بورڈ پر لفظ لکھے اور دوسرا حروف کو الگ کرے۔ اسطرح باری باری دو بچوں کو بلا کر حروف کو علیحدہ کروائیں۔ اگر بچے صحیح طور پر نہ لکھ سکیں تو ٹیچر بچوں کی مدد کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ (اس کام کا مقصد صرف یہ نہیں ہے کہ بچوں کو حروف الگ کرنا صحیح طور پر آجائے بلکہ اسکے ساتھ ساتھ بچوں میں خوداعتمادی اور شوق بھی پیدا ہو۔

## گھر کا کام:

آج بچوں کو ورک شیٹ دیں جس میں الفاظ کو توڑنا اور جوڑنا دیا گیا ہو۔ (ورک شیٹ نمبر ۱)

# سیشن ۴

آج بچوں سے فرداً فرداً کہانی "میری سائیکل" کی ریڈنگ کروائیں۔ ہر بچے سے ایک ہی صفحہ ریڈنگ

کروائیں۔ اور اگر کسی بچے کو پڑھنے میں مشکل پیش آئے تو ٹیچر اُس کے پاس جا کر اسکے ساتھ اسطرح پڑھے کے بچے کو محسوس نہ ہو کہ اُسے پڑھنا نہیں آرہا۔ اور ساتھ ساتھ بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ آپ نے صحیح پڑھا ہے۔

اگر وقت ہو تو کتاب کے مشکل الفاظ کے معنی بچوں کو بتائیں۔

## گھر کا کام:

بچوں کو ورک شیٹ خوشخطی کے لئے دیں جسمیں کتاب کے آسان اور سادہ جملے ہوں۔ جملے ایسے منتخب کیے جائیں جن کی بچے تصویر بنا سکیں۔ ورک شیٹ نمبر ۲ استعمال کریں۔

# سیشن ۵

آج کلاس میں بچوں سے کتاب کے بارے میں بات کریں کہ کتاب کتنی خوبصورت اور رنگین ہے۔ اسکے بعد بچوں سے معلوم کریں کہ کتاب میں کون کون سے رنگ ہیں۔ بچے جن رنگوں کے نام بتائیں ٹیچر کہیں کہ ان کو جملوں میں استعمال کریں اور تصویر بھی بنائیں۔ مثلاً لال سے میرے بستہ لال رنگ کا ہے اور اسکے ساتھ بستے کی تصویر بھی بنا سکتے ہیں۔

# سیشن ٦

بچوں سے کہیں کہ اس کتاب میں بہت سی چیزوں کی تصویریں ہیں۔ مثلاً: سائیکل۔ اب آپ بتائیں کہ سائیکل کے علاوہ کن کن چیزوں کی تصاویر ہیں۔ بچے جن چیزوں کے نام بتائیں ٹیچر بلیک بورڈ پر ان کی فہرست بنائیں۔ اور بچوں سے کہیں کہ یہ کام اپنی کاپی میں اُتاریں۔

## گھر کا کام:

آج بچوں کو سادہ ورک شیٹ دیں اور اُن سے کہیں کہ کل جو فہرست تیار کی تھی اس میں سے کسی بھی دو چیزوں کی تصویر بنائیں۔ رنگ بھریں، اپنا نام اور تاریخ لکھیں۔ بچے جن چیزوں کی تصاویر بنائیں ان کے بارے میں وہ ایک جملہ بھی لکھنے کی کوشش کریں۔

# سیشن ۷

تمام بچوں کی ورک شیٹ دیکھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ سائیکل کے بارے میں کوئی کہانی سنائیں۔ اگر بچے جھجک محسوس کریں تو پہلے ٹیچر انہیں کوئی چھوٹی سی کہانی سنائیں اسکے بعد بچے جو کچھ بھی بتائیں اُسے غور سے سنیں۔ کہانی سنانے کے بعد چند سوالات کریں تاکہ غیر متوجہ بچے بھی

کہانی کے تسلسل کو ذہن میں رکھیں۔ کہانی سنانے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کریں۔

## گھر کا کام:

بچوں کو بتائیں کہ یہ کہانی بھی ایک بچے ہی نے لکھی ہے۔ آپ بھی اگر چاہیں تو کسی بھی موضوع پر کہانی لکھ کر لائیں۔ اگلے دن کلاس میں وہ کہانی تمام بچوں کو سنائی جائے گی۔

ٹیچر کہانی کا ابتدائی جملہ یا خاکہ بچوں کے لیے لکھ دیں اور اب بچوں سے کہیں کہ وہ کہانی کو مکمل کر کے لائیں۔

# سیشن ۸

اگلے دن اگر بچے کہانی لکھ کر آئیں تو اُن کی کہانی سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ اسکے بعد بچوں سے کہیں کہ اب ہم سب مل کر سائیکل کے بارے میں ایک نظم لکھیں گے۔ بچے جو کچھ بھی بتائیں اسے بلیک بورڈ پر لکھیں اور ساتھ ساتھ ان کی ہمت افزائی کریں۔

میری سائیکل پیاری ہے — دو پہیوں والی ہے
اسکول بیٹھ کے جاتا ہوں — واپس اس پر آتا ہوں
اس پر سبزی لاتا ہوں — سب کو سیر کراتا ہوں
یہ سائیکل ہماری ہے — رنگ برنگی ساری ہے۔

# ورک شیٹ نمبر ۱

مندرجہ ذیل الفاظ کو جوڑیں:

۱) ش + ر + و + ع
۲) ق + ا + ب + و
۳) تھ + و + ڑ + ی
۴) ب + س

مندرجہ ذیل الفاظ کو توڑیں۔

۱) مزہ
۲) ڈبّہ
۳) گاڑی

ایک ورک شیٹ اور بھی بنائی جاسکتی ہے۔ مثلاً واحد جمع، مذکر مونث اور متضاد الفاظ وغیرہ کی۔

# ورک شیٹ نمبر ۲

خوشخطی کریں۔

۱) میرے پاس تین پہیوں والی سائیکل ہے۔

۲) اس سائیکل کو چلانے کا مزہ ہی کچھ اور ہے۔

# میری سائیکل

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
پرنٹر : جے ۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi. Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk